سوال

(775) ہمارے گھر میں جادو کا اثر ہے

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

گزارش ہے کہ ہمارے گھر میں جادو کا اثر ہے جس سے ہم سب پریشان ہیں یہ جادو کا اثر تقریباً دس سال سے ہے ۔ کافی عاملوں کے پاس گئے جس میں بر وقت افاقہ ہو جاتا ہے چند دنوں بعد پھر ویسے ہی ہوتا ہے بچے اکثر بیمار رہتے ہیں سر درد پیٹ درد کسی کام کو دل نہیں کرتا بات نہیں مانتے ضد کرتے ہیں سکول کا سبق یا قرآنی سبق بالکل نہیں پڑھتے اگر زبردستی کہیں گے کتاب یا سیپارہ لے کر بیٹھے رہیں گے سبق یاد نہیں ہو گا اس کا کوئی حل بتائیں ؟

محمد ادریس جنجوعہ نوکھر گوجرانوالہ

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اللہ تعالیٰ آپ کو اور آپ کے بیوی بچوں کو ہمہ قسم کے جادو سے محفوظ و مصون فرمائے آمین یا رب العالمین ۔ آپ تمام افراد خانہ ہر نماز کے بعد کم از کم ایک دفعہ سورۃ اخلاص ، سورۃ فلق اور سورۃ ناس پڑھا کریں 5 نیز رات کو سوتے وقت تین دفعہ سورہ اخلاص ، تین دفعہ سورہ فلق اور تین دفعہ ہی سورہ ناس پڑھ کر دونوں ہاتھوں میں پھونک لگائیں پھر دونوں ہاتھوں کو پورے بدن پر مل لیں ۔ 6

مندرجہ ذیل دعا کثرت کے ساتھ پڑھتے رہا کریں نماز میں پہلے اور دوسرے قعدہ میں پڑھیں سجدوں میں بھی پڑھ سکتے ہیں وہ دعا یہ ہے :

اَللّٰهُمَّ اكْفِنَاهُمْ بِمَا شِئْتَ 7 صبح وشام سو سو مرتبہ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْئٍ قَدِيرٌ 8 پڑھ لیا کریں زیادہ وقت لینے والے لمبے لمبے اذکار و وظائف کرنے سے طبیعت پر اثر پڑتا ہے اس لیے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت شدہ اذکار و وظائف میں ہی خیر و عافیت ہے اوقات معینہ پر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول اذکار کو روزمرہ کا معمول بنائیں اللہ تعالیٰ آپ کو آپ کے بچوں اور گھر والوں کو ضرور بالضرور شفایاب وصحت یاب فرمائیں گے ۔ ان شاء اللہ الحنان ۸/۸/۱۴۲۰ھ

3 [5 [ابوداؤد۔ کتاب الوتر۔ باب فی الاستغفار] 6 [بخاری ۔ کتاب فضائل القرآن ۔ باب فضل المعوذات] 7 [مسلم ۔کتاب الزہد۔ باب قصة اصحاب الاخدود۔ 8 بخاری ۔ کتاب الدعوات ۔ باب فضل التحلیل]

جلد 01 ص 497

محدث فتویٰ